© rasailojaraid.com

## شعبہ حفظ میں جامعہ بھر میں امتیازی پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ

اول: حنظلہ اسماعیل ثانی: صبغۃ اللہ، اسامہ مدنی ثالث: محمد وقاص، زاہداللہ، قیام الدین

## شعبہ حفظ میں مختلف حلقات میں پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ

| | | | |
|---|---|---|---|
| مجموعہ(۱) | اسامہ مدنی، | محمد وقاص، | محمد عثمان |
| مجموعہ(۲) | طلحہ | منصور حسین | شفیق الرحمٰن |
| مجموعہ(۳) | زاہداللہ | عمر اسلم | محمد عبداللہ |
| مجموعہ(۴) | ناصر محمود | | |
| مجموعہ(۵) | حنظلہ | صبغۃ اللہ | فضل اللہ |
| مجموعہ(۶) | قیام الدین | رضوان اللہ | برکت اللہ |
| مجموعہ(۷) | الطاف حسین | عبدالناصر | امیر احمد |

## جامع مسجد ابراہیمی اہل حدیث میں افتتاحی خطبہ جمعہ المبارک

مورخہ 30 اپریل جامع مسجد ابراہیمی اہل حدیث احسان روڈ کالا گوجراں میں رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر صاحب نے افتتاحی خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا۔موسم کی خرابی کے باوجود عوام الناس نے بھرپور شرکت کی۔حتیٰ کہ مسجد میں تنگی داماں کا منظر تھا۔

## جامع مسجد السلومی اہل حدیث میں جلسہ سیرت النبیؐ

مورخہ 9 مئی بروز اتوار جامع مسجد السلومی اہل حدیث میں جلسہ زیر صدارت حافظ عبدالحمید عامر صاحب ہوا۔جس میں مولانا محمد اسلم سلیم صاحب نے خطاب کیا۔

## مولانا محمد اصغر صاحب کو صدمہ

31 مارچ 2004ء مولانا محمد اصغر صاحب مدرس جامعہ علوم اثریہ کے سسر طویل علالت کے بعد انتقال فرما گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ نماز جنازہ ان کے آبائی گاؤں میں مولانا محمد اصغر صاحب نے پڑھائی۔ابھی چند ہی دن گزرے تھے کہ ان کی نانی محترمہ بھی چل بسیں۔اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ ان کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔آمین



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

وفیات

## پروفیسر حافظ مطیع الرحمٰن صاحب کو صدمہ

13 مارچ 2004ء بروز ہفتہ امام بخاری انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی سیالکوٹ کے وائس چانسلر پروفیسر حافظ مطیع الرحمٰن کی والدہ محترمہ مختصر علالت کے بعد انتقال کر گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ انتہائی پاکباز، نیک سیرت اور شب زندہ دار خاتون تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ پروفیسر حافظ مطیع الرحمٰن صاحب نے خود ہی پڑھائی۔ نماز جنازہ میں کثیر تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔ جہلم سے نماز جنازہ میں رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر صاحب نے شرکت کی۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ آمین

## خالد منصور نیرؔ صاحب، کاشف نیرؔ صاحب، فہیم نیرؔ صاحب کو صدمہ

مورخہ 24 مارچ 2004ء خالد منصور نیرؔ کے بیٹے کاشف نیرؔ اور فہیم نیرؔ کے بھائی اور دلدار حسین نیرؔ کے پوتے جنید نیرؔ وفات پا گئے۔ مرحوم بڑے ہی متقی اور پرہیزگار تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر صاحب نے پڑھائی۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ آمین

## فیض عالم صاحب، شکیل احمد صاحب کو صدمہ

مورخہ 4 اپریل بروز اتوار فیض عالم آف ممیان کے بھائی اور شکیل احمد کے کزن ریاض احمد طویل علالت کے بعد انتقال کر گئے۔ مرحوم انتہائی متقی، پرہیزگار اور با اخلاق انسان تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ صاحب مدرس جامعہ علوم اثریہ نے پڑھائی۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ آمین

ادارہ ''حرمین''، جامعہ علوم اثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم مذکورہ بالا مرحومین کے ورثاء کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومین کی لغزشوں، کوتاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے اور ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین



© rasailojaraid.com